**01.02.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں محمد عمار

Music

.................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے مرکزی بجٹ 2025 کو ملک کی ترقی اور وکست بھارت کی جانب سفر کیلئے یکسر تبدیلی والا قرار دیتے ہوئے ستائش کی ہے۔

☆ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے NDA حکومت کی تیسری مدتِ کار کا پہلا مکمل بجٹ پیش کیا۔ انھوں نے کہا کہ مرکزی بجٹ میں زراعت، دیہی خوشحالی، شہری ترقی اور اصلاحات پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔

☆ بجٹ میں 12 لاکھ روپئے تک کی آمدنی پر کوئی ٹیکس نہ لگانے کی تجویز ہے۔ ٹیکس کے نئے سلیب کا اعلان کیا گیا ہے۔

☆ اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بجٹ میں کسانوں سے لے کر فن ٹیک تک اور MSME سے لے کر آرٹیفیشل انٹیلیجنس تک ترقی، سب کی شمولیت اور اختراع کو بنیاد بنایا گیا ہے۔

☆ پردھان منتری دھن دھانیہ کرشی یوجنا کو 100 چنندہ اضلاع میں متعارف کرایا جائے گا تاکہ زرعی پیداوار اور فصلوں کی اقسام کو بڑھایا جاسکے۔

☆ زندگی بچانے والی 36 اضافی ادویات کو کسٹم ڈیوٹی سے پوری طرح مستثنیٰ رکھا گیا ہے۔

☆ صنعتکاروں نے بجٹ کا خیر مقدم کیا ہے۔ انھوں نے کھپت کو فروغ دینے کیلئے اصلاحات کی ستائش کی ہے۔

☆ اور ہاکی انڈیا لیگ میں، راؤرکیلا میں حیدرآباد طوفانز اور شارچی راڑ بنگال ٹائیگرس کے درمیان خطابی مقابلہ جاری ہے۔

.................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *PM Budget*

وزیر اعظم نریندر مودی نے مرکزی بجٹ 2025 کی تعریف کرتے ہوئے اِسے ملک کی ترقی کیلئے انقلابی تبدیلی لانے والا قرار دیا ہے۔ انھوں نے مرکزی بجٹ کو وکست بھارت کی جانب ملک کے سفر کو تیز کرنے میں اہم رول ادا کرنے والا قرار دیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ مرکزی بجٹ، مصنوعی ذہانت، کھلونے کی مینوفیکچرنگ، زراعت، جوتے چپل، خوراک کی ڈبہ بندی اور gig اکنامی سمیت متعدد شعبوں میں اختراع، صنعت کاری اور پائیدار ترقی کیلئے راہ

ہموار کرتا ہے۔وزیر اعظم نے کہا کہ مرکزی بجٹ 26-2025، 140 کروڑ بھارتیوں کی امنگوں کو پورا کرنے کے حکومت کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ بجٹ کے بعد اپنے پیغام میں وزیر اعظم نے کہا کہ یہ بجٹ ملک کے ترقی کے سفر میں ایک اہم سنگ میل ہے۔

انہوں نے اِس بجٹ کو ملک کی طاقت کو کئی گنا بڑھانے والا قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ اِس سے بچت، سرمایہ کاری اور کھپت میں اضافہ ہوگا نیز ملک کی ترقی کو فروغ حاصل ہوگا۔

2100- PM Modi on Growth-34Sec

جناب مودی نے مزید کہا کہ بجٹ سے ملک کے متوسط طبقے کو کافی فائدہ پہنچے گا کیونکہ اِس میں 12 لاکھ روپے تک کی آمدنی کو ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس سے زراعت کے شعبے کو تقویت ملے گی اور دیہی معیشت کو فروغ حاصل ہوگا۔

2100- PM Modi on Farmers-25Sec

## Budget

وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے آج لوک سبھا میں این ڈی اے سرکار کی تیسری مدتِ کار کا پہلا مکمل بجٹ پیش کیا۔ وزیر خزانہ نے اعلان کیا کہ کوئی ٹیکس عائد نہ کئے جانے کے Slab کو 12 لاکھ روپے تک کی آمدنی تک توسیع دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تنخواہ پانے والے طبقوں کیلئے 75 ہزار روپے کے Standard Deduction کو شامل کرتے ہوئے، 12 لاکھ 75 ہزار روپے سالانہ کی آمدنی پر کوئی ٹیکس نہیں لگایا جائے گا۔محترمہ سیتا رمن نے نئے ٹیکس نظام میں نئے انکم ٹیکس Slab کا بھی اعلان کیا۔

2100- Nirmala Tax Rates-33Sec

انہوں نے کہا کہ بزرگ شہریوں کیلئے سود پر ٹیکس کٹوتی کی حد دوگنا کرکے 50 ہزار روپے سے بڑھا کر ایک لاکھ کر دی گئی ہے۔وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے کہا کہ سرکار ریاستوں کے ساتھ ساجھیداری کرکے پی ایم Dhaanya -Dhan کرشی یوجنا شروع کرے گی۔ کم پیداوار، اوسط نوعیت کی فصلوں اور اوسط سے کم قرضوں کے پیمانوں والے 100 ضلعے اِس کے دائرے میں آئیں گے۔ اِس سے امید ہے کہ ایک کروڑ 70 لاکھ کسانوں کو فائدہ ہوگا۔ کسان کریڈٹ کارڈ کے ذریعے حاصل کیے گئے قرضے کیلئے سود میں رعایت کی ترمیم شدہ اسکیم کے تحت قرض کی حد کو 3 لاکھ روپے سے بڑھاکر 5 لاکھ روپے کر دیا جائے گا۔ محترمہ سیتا رمن نے اعلان کیا کہ پانچ لاکھ خواتین، درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبائل سے تعلق رکھنے والے پہلی مرتبہ کاروبار کرنے والے افراد کیلئے ایک نئی اسکیم کا آغاز کیا جائے گا۔

یہ اسکیم اگلے پانچ برس کیلئے 2 کروڑ روپے تک کی مدتی قرضے فراہم کرے گی۔

محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ ملک کے جوتے چپل اور چمڑے کے سیکٹر کی پیداواریت اور معیار اور مسابقت بڑھانے کیلئے پیداواریت پر مرکوز ایک اسکیم نافذ کی جائے گی۔

محترمہ سیتا رمن نے اعلان کیا کہ آن لائن پلیٹ فارم کے ورکروں کو پی ایم جن آروگیہ یوجنا کے تحت حفظانِ

صحت کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ ان کا اندراج ای-شرم پورٹل پر کیا جائے گا اور انہیں شناختی کارڈ فراہم کیا جائے گا۔ شہری کارکنوں کی سماجی و اقتصادی ترقی کیلئے نئی اسکیم کا اعلان کیا گیا ہے، جبکہ ریڑھی پٹری والوں کیلئے پی ایم-سواندھی اسکیم کو از سرنو ترتیب دیا جائے گا۔

وزیر خزانہ نے تعلیم کے شعبے میں 500 کروڑ روپے کے اخراجات سے سینٹر آف ایکسیلینس اِن آرٹیفشیل انٹلیجنس قائم کرنے کا بھی اعلان کیا۔

وزیر خزانہ نے بہار کیلئے نئے گرین فیلڈ ہوائی اڈّوں کا بھی ن کیا۔ زندگی بچانے والی مزید 36 دواؤں کو بنیادی کسٹمز محصول سے مکمل طور سے مستثنیٰ قرار دیا ہے۔

اگلے مالی برس میں مالی خسارہ چار اعشاریہ چار فیصد رہنے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ وزیر خزانہ نے اعلان کیا کہ بیمہ سیکٹر کیلئے FDI کی حد، 74 فیصد سے بڑھاکر 100 فیصد کر دی جائے گی۔x

## Budget Reactions

وزیر خزانہ نرملا ستیا رمن نے آج کہا کہ مرکزی بجٹ 2025، زراعت، دیہی خوشحالی اور شہری ترقی پر توجہ مرکوز کرتا ہے اور اصلاحات پر زور دیتا ہے۔ آج سہ پہر نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ اِس بجٹ میں وکست بھارت کی راہ پر ملک کو لے جانے کے بارے میں کئی باتیں کہی گئی ہیں۔

2100- Nirmala Sitharaman on Reform-32

وزیر خزانہ نے اجاگر کیا کہ عوام کی خواہش کو پیش نظر رکھتے ہوئے گزشتہ جولائی میں اعلان کردہ انکم ٹیکس کو آسان بنانے کے عمل کو پہلے ہی مکمل کیا جاچکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس سلسلے میں انکم ٹیکس سے متعلق نیا بل اگلے ہفتے پارلیمنٹ میں پیش کیا جائے گا۔

انہوں نے کہا کہ ٹیکس کی شرحوں کو آسان بنایا جا رہا ہے اور اِسے کم کیا جا رہا ہے۔ محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ انکم ٹیکس میں چھوٹ کی حد کو 7 لاکھ روپے سے بڑھا کر 12 لاکھ روپے کرنے سے مزید ایک کروڑ لوگوں کو فائدہ پہنچے گا۔ اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے آج کہا کہ مرکزی بجٹ 2025 نے وکست بھارت کیلئے ایک واضح روڈ میپ تیار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب ویشنو نے کہا کہ اِس بجٹ میں کسانوں سے لے کر مالیاتی ٹیکنالوجی نیز MSMEs سے لے کر مصنوعی ذہانت تک کیلئے ترقی، شمولیت اور اختراع کا ذکر ہے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب ویشنو، جن کے پاس ریلوے کی وزارت کی ذمہ داری بھی ہے، نے کہا کہ 2 اعشاریہ پانچ-دو لاکھ کروڑ روپے کے مجموعی بجٹ مختص کیے جانے کے ساتھ ریلوے کیلئے سرمایہ خرچ بہت زیادہ ہے۔

2100- Ashwani Vaishnav on Railway-31

تجارت اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے آج مرکزی بجٹ کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ چمڑے اور فٹ ویئر کے شعبے میں براہ راست اور بالواسطہ 22 لاکھ ملازمتیں پیدا کی جاسکتی ہیں۔ نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب گوئل نے کہا کہ 12 لاکھ روپے تک انکم ٹیکس میں چھوٹ، اِس بجٹ کو جامع بناتی ہے۔ اس کا واضح اثر متوسط طبقے پر پڑے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ بجٹ وکست بھارت 2047 تک بنیاد فراہم کرنے والا ہے۔

وزیرِ صحت جے پی نڈا نے مرکزی بجٹ کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ یہ نظریہ ساز روڈ میپ ہے، جو 140 کروڑ بھارتی افراد کی امنگوں اور خوابوں کو پورا کرنے والا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب نڈا نے کہا کہ زراعت، MSME، سرمایہ کاری اور برآمدات پر مشتمل چار انجن پر خصوصی توجہ مرکوز کرتے ہوئے یہ بجٹ غریب، یووا، اَن داتا اور ناری کی امنگوں کو آگے لے جائے گا۔ یہ بجٹ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ کوئی بھی فرد ترقی کی راہ میں پیچھے نہ رہے۔

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے آج کہا کہ مرکری بجٹ 2025 میں اعلان کردہ کپاس، پیداواری مشن کا مقصد نہ صرف کپاس کی پیداوار بلکہ اُس کے معیار کو بھی بڑھانا ہے۔

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج کہا کہ مرکزی بجٹ میں سماج کے تمام طبقات کو بااختیار بنانے کیلئے سب کی شمولیت پر مبنی طریقہ کار پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب سنگھ نے کہا کہ بجٹ میں متوسط اور تنخواہ پانے والے طبقے کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔ انھوں نے 12 لاکھ روپے سالانہ تک کی آمدنی پر انکم ٹیکس میں رعایت دینے کے فیصلے کا خیر مقدم کیا۔

وزیر دفاع نے مزید کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کے بھارت کو دفاعی شعبے میں خود کفیل بنانے کے نظریے کو اس بجٹ میں کافی تقویت ملی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ 26-2025 کیلئے وزارت دفاع کے لیے چھ اعشاریہ آٹھ لاکھ لاکھ کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔

S/B 2100 Rajnath Singh

مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے کہا ہے کہ نئی اور قابل تجدید توانائی کی وزارت کیلئے مختص بجٹ اس سال تقریباً 53 فیصد بڑھ کر تقریباً 26 ہزار 549 کروڑ روپے ہو گیا ہے۔ نئی دہلی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے وزیر موصوف نے اس بات پر زور دیا کہ اناج اور تقسیم کیلئے 2 لاکھ 3 ہزار کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔

کامرس اور صنعت بھارتی چیمبرس کی فیڈریشن FICCI نے بجٹ کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیاحت اور بحری شعبے پر توجہ مرکوز کرنا ایک اہم قدم ہے۔

دیوالیہ پن سے متعلق بھارتی صنعتوں کی کنفیڈریشن CII کی ٹاسک فورس کے چیئرمین شاردُل شروف نے کہا کہ اِس بجٹ میں سب سے سودمند بات متوسط طبقے کو ذاتی ٹیکس سے تقریباً پوری طرح مستثنیٰ کرنا ہے۔

S/B 2100 Shardul Shroff CII

دوبئی میں بھارتی صنعتکاروں نے بھارت کے مرکزی بجٹ 2025 کی مضبوطی سے توثیق کی ہے اور طویل مدتی ترقی اور مختلف شعبوں کے جامع فروغ پر اُس میں دی گئی خاص توجہ کو اجاگر کیا ہے۔

دوبئی میں واقع انڈین بزنس اینڈ پروفیشنل کونسل کے سکریٹری جنرل ساہتیہ چترویدی نے کہا کہ یہ بجٹ بھارت کے وکست بھارت 2047 کے وژن کے مطابق ہے۔

متحدہ عرب امارات میں بھارتی کاروباری طبقے نے 2047 تک 47 ٹریلین کے بھارت کے اپنے اہم ہدف کی جانب پیش قدمی کرنے کے سلسلے میں بجٹ کے اہم رول پر اعتماد کا اظہار کیا۔x

## Dehli Campaigning

دلّی اسمبلی انتخابات کیلئے انتخابی مہم اپنے آخری مرحلے میں ہے۔ آج قومی راجدھانی میں سلسلے وار عوامی ریلیوں سے خطاب کرتے ہوئے BJP کے سینئر لیڈر اور وزیر داخلہ امت شاہ نے عام آدمی پارٹی کے لیڈر پر انّا ہزارے کی تحریک کے دوران دلّی کے عوام سے جھوٹ بولنے کا الزام لگایا کہ وہ سیاسی پارٹی نہیں بنائیں گے۔ انھوں نے دلّی کی عام آدمی پارٹی حکومت پر یہ کہتے ہوئے نکتہ چینی کی کہ اِس کے دورِ اقتدار میں شراب گھپلے اور جل بورڈ گھپلے سمیت کروڑوں روپئے کے گھپلے کئے گئے۔صدر بازار میں ایک عوامی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کانگریس رہنما راہل گاندھی نے دعویٰ کیا کہ یہ ملک میں دو نظریات کے درمیان ایک مقابلہ ہے۔

انھوں نے کہا کہ ایک طرف نفرت اور تشدد ہے اور دوسری طرف محبت اور بھائی چارہ ہے۔ جناب گاندھی نے کہا کہ کانگریس آئین کو بچانے کیلئے لڑ رہی ہے۔

اِس دوران عام آدمی پارٹی کے لیڈر اروند کجریوال نے بھی قومی راجدھانی میں مختلف عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ عام آدمی پارٹی حکومت نے شہر کے اسکولوں اور اسپتالوں کی صورتحال کو بہتر کیا ہے اور دلّی کے عوام کیلئے بجلی اور پانی کی سپلائی کو یقینی بنایا ہے۔x

## BJP Join

آج بھارتیہ جنتا پارٹی کے دہلی کے صدر وریندر سچدیوا کی موجودگی میں عام آدمی پارٹی کے آٹھ ممبران اسمبلی BJP میں شامل ہوگئے۔ شمولیت اختیار کرنے والے ارکانِ اسمبلی میں Vandana Gaur، Rohit Meraulia، Girish Soni، مدن لال، راجیش رِشی، BS Joon، نریش یادو اور Pawan Sharma شامل ہیں۔ ان ارکان نے کل عام آدمی پارٹی کی رکنیت سے استعفیٰ دے دیا تھا۔ تمام آٹھ ارکانِ اسمبلی کو دلّی میں ہونے والے اسمبلی انتخابات میں عام آدمی پارٹی کی جانب سے ٹکٹ نہیں دیا گیا تھا۔x

## Mahakumbh

اب خبریں پریاگ راج میں جاری مہاکنبھ سے............

Montage Opening

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے آج مہاکنبھ کا دورہ کیا اور دریائے گنگا، جمنا اور سرسوتی کے سنگم، تروینی سنگم پر پوِتر ڈُبکی لگائی۔ جناب دھنکھڑ نے اپنے اہل خانہ اور اُترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کے ساتھ بڑے ہنومان مندر میں پوجا اَرچنا بھی کی۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ مشنوں کے سربراہ، اُن کی اہلیہ اور 73 ملکوں کے سفارتکاروں نے بھی سنگم پر پوِتر ڈُبکی لگائی۔نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے کہا کہ اُنھوں نے کبھی سوچا نہیں تھا کہ اِس طرح کی تقریب بھارت میں ہوگی۔ انھوں نے مزید کہا کہ انتظامیہ کی جانب سے بہترین انتظامات واقعی قابل تعریف ہیں۔

S/B 2100 Jagdeep Dhankhar

## Chhattisgarh Maoists

چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلع میں آج سکیورٹی دستوں کے ساتھ ایک تصادم میں آٹھ ماؤنواز ہلاک ہوگئے۔ ہلاک ہوئے ماؤنوازوں کی لاشیں برآمد کرلی گئی ہیں۔سکیورٹی دستوں نے INSAS رائفل اور بیرل گرینیڈ لانچر سمیت مختلف ہتھیار بھی برآمد کئے ہیں۔ Gangalur علاقے میں ماؤنوازوں کی موجودگی کے بارے میں خفیہ اطلاع موصول ہونے کے بعد ضلع ریزرو گارڈ، خصوصی ٹاسک فورس، CRPF اور کوبرا بٹالین کی مشترکہ ٹیم نے اُن کے خلاف مہم کا آغاز کیا۔ صبح سے ہی سکیورٹی دستوں اور نکسلیوں کے درمیان رُک رُک کر فائرنگ ہورہی تھی۔ علاقے میں تلاش کارروائی جاری ہے۔x

## Hockey

ہاکی انڈیا لیگ کے خطاب کیلئے راؤرکیلا میں برسامنڈا اسٹیڈیم میں حیدرآباد طوفان اور شارچی راڑ بنگال ٹائیگرس کے درمیان مقابلہ جاری ہے۔حیدرآباد طوفان نے JSW Soorma ہاکی کلب کو تین-ایک سے شکست دے کر فائنل میں جگہ بنائی تھی جبکہ بنگال ٹائیگرس تمل ناڈو ڈریگنس کے خلاف کھیلے گئے دلچسپ مقابلے میں پنالٹی شوٹ آؤٹ میں چھ-پانچ سے جیت حاصل کرکے فائنل میں پہنچا تھا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆